	اے کربلاء تو ھي سنا تیرا وہ غمگھیں فسانا شبیر کي مظلومیة پر تو بھي آنسوں بھانا	
بطحاء کے چاند ستارے	عالم کو جو چمکائے	مِٹّي میں پچھرائے
	تیري زمیں میں لُٹ گیا طٰهٰ نبي کا گھرانا	
معصوم کي قبر کھودي	تُجھکو اَمانة سونپي	خالي هوي گودي
	اصغر کو تو سمبھالنا شیر وِیرو سے بچانا	
هائے وہ دُلھن پیاري	شاہِ زمن کي دُلاري	روتي هے دُکھیاري
	ابنِ حسن پھنے کفن تیرو کا اب هے نِشانا	
عباس نکلے تھے رن میں	پاني پلانے کے دُھن میں	عاشور کے دن میں
	هاتھ کٹے مشکي گِري رہ گئي پیاسي سکینة	
هائے جوانيِ اکبر	هائے بُراباءِ سرور	دھول هے دُنیا پر
	برچھي لگي هائے خدا لختِ جگر کا بچھرنا	
شاہ نے سجدہ بجایا	شمر نے خنجر چلایا	گــــونین تھرّایـــــا
	زینب بھن چیخ اُٹھي ماں جایا بھائي حسینا	
حیدر کي آنکھوں کا تارا	ماں فاطمة کا دُلارا	مُختار کا پیارا
	محشر تلك شاہِ شھید روئیگا تُجھکو زمانا	
داعي الزمان قطب دیں کي	طول بقاء کر اے باري	دِینا اُسے یاري
	فتح مبین کي اے خدا جلدي تو بُشری سُنانا	
فردوس کا تو کیارا	مدفون جِسمین همارا	آقا حسین پیارا
	تیري زمیں خاك شفاء بضعة کو جلدي بُلانا	جلدي همیں بھي بُلانا

© FatemiDawat.com